**Shabbir / Fazil**

**31-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی اور وینیزوئلا کی کارگزار صدر Delcy Rodriguez نے، توانائی سمیت سبھی شعبوں میں، دوطرفہ تعلقات میں گہرائی لانے سے اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے فون پر بات چیت کی۔

2- بھارت آج، بنیادی شعبوں میں تعاون میں اضافہ کرنے کیلئے، بھارت-عرب وزراء خارجہ کی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے قومی راجدھانی میں بہت سے عرب ملکوں کے وزراء خارجہ سے میٹنگس کی ہیں۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات اور مغربی ایشیاء کی صورتحال پر بات چیت کی۔

4- سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ ماہواری سے متعلق صحت کی دیکھ بھال، آئین کے تحت ایک بنیادی حق ہے۔ عدالت نے ریاستوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکول، لڑکیوں کو Biodegradable Sanitary Pads مُفت فراہم کریں۔

5- نیشنلسٹ کانگریس پارٹی اپنے نئے رہنماء کے انتخاب کیلئے ممبئی میں، قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کا انعقاد کرے گی۔

6- اور کرکٹ میں، بھارت آج شام تروانت پورم میں پانچویں اور آخری ٹی-ٹوئنٹی میچ میں نیو زیلینڈ کے ساتھ کھیلے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Modi Venezuela

وزیراعظم نریندر مودی اور وینیزوئلا کی کارگزار صدر Delcy Rodriguez نے تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، صحت، زراعت اور عوام سے عوام کی سطح کے تعلقات سمیت سبھی شعبوں میں دو طرفہ شراکت داری میں مزید وسعت و گہرائی پیدا کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

وزارت خارجہ کے مطابق جناب مودی کو کل وینیزوئلا کی کارگزار صدر کی جانب سے ٹیلی فون کال موصول ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی مفاہمت کے علاقائی اور عالمی معاملات پر نظریات کا تبادلہ کیا اور عالم جنوب کیلئے باہمی نزدیکی تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔x

MEA Arab Foreign Ministers

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ، آج نئی دِلّی میں منعقد ہوگی۔ اِس میٹنگ کی مشترکہ صدرات، بھارت اور متحدہ عرب امارات UAE کریں گے۔

عرب لیگ کے رکن ملکوں کے وزرائے خارجہ اور عرب لیگ کے سکریٹری جنرل، اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ یہ بھارت-عرب وزراء خارجہ کی پہلی میٹنگ ہے اور اِس کی میزبانی، نئی دِلی میں کی جا رہی ہے۔ اس میں سبھی 22 عرب ملک شرکت کریں گے۔

وزراء خارجہ کی اِس میٹنگ سے پہلے، بھارت-عرب سینئر افسران کی چوتھی میٹنگ کل نئی دِلی میں منعقد ہوئی۔

وزرائے خارجہ کی یہ میٹنگ دس سال کے وقفے کے بعد منعقد کی جارہی ہے، اِس کی پہلی میٹنگ، بحرین میں 2016 میں ہوئی تھی۔

پہلی میٹنگ میں وزیروں نے، تعاون کے پانچ ترجیحی میدانوں کی نشاندہی کی تھی، جو اِس طرح ہیں: معیشت، توانائی، تعلیم، میڈیا اور ثقافت۔

بھارت-عرب وزرائے خارجہ کی دوسری میٹنگ میں، امید ہے کہ جاری تعاون میں اضافہ کیا جائے اور شراکت داری میں توسیع و گہرائی پیدا کی جائے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Suparna

بھارت-عرب تجارت، فی الحال 240 ارب ڈالر سے زیادہ مالیت کی ہے۔ دوطرفہ ہائیڈرو کاربن تجارت 107 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے اور یہ دونوں طرف سے، کی جانے والی تجارت کا تقریباً آدھا حصہ ہے۔ بھارت 95 فیصد سے زیادہ LPG ، 60 فیصد LNG اور 47 فیصد خام تیل، عرب لیگ ملکوں سے درآمد کرتا ہے۔ اِس کے علاوہ 50 فیصد سے زیادہ کیمیاوی کھادیں اور متعلقہ مصنوعات بھی درآمد کی جاتی ہیں۔ بھارت کا بیرونی تجارتی مال، نہر سوئز، بحر قلزم اور خلیجِ عدن سے ہو کر گزرتا ہے۔ بھارتی کمپنیاں، توانائی کے شعبے میں Oman، متحدہ عرب امارات، عراق، کویت، بحرین، اُردن، شام ، سعودی عرب، مصر، سوڈان، جنوبی سوڈان، الجزائر، لیبیا اور مراقش میں سرمایہ کاری کرتی ہیں۔

یہ شراکت داری خوراک اور توانائی، مالی خدمات، صحت و تعلیم، IT اور قابلِ تجدید توانائی میں کی گئی ہے، جس میں اسٹارٹ اَپس اور بنیادی ڈھانچے کے بڑے پروجیکٹ شامل ہیں۔ عرب لیگ ملکوں میں بھارتی برادری کے 90 لاکھ سے زیادہ افراد رہتے ہیں۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

EAM Arab Counterparts

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نئی دلّی میں کل عرب لیگ کے کئی رکن ملکوں کے اپنے ہم منصبوں سے بات چیت کی۔ اِن میٹنگس میں دوطرفہ تعلقات میں اضافے اور مغربی ایشیاء کی صورتحال کے جائزے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ashish

ڈاکٹر جے شنکر نے، کوموروس، لیبیا، صومالیہ اور فلسطین کے وزراء خارجہ سے بات چیت کی۔ انہوں نے عرب لیگ کے سکریٹری-جنرل احمد ابوالغیث سے بھی ملاقات کی۔ جناب غیث کے ساتھ اپنی میٹنگ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے مختلف شعبوں میں تعاون اور استحکام کے بارے میں، وسیع بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے صومالیہ کے وزیر خارجہ عبدِالسلام علی کے ساتھ اپنی میٹنگ کو نتیجہ خیز بتایا۔ وزیر خارجہ اور لیبیا کے اُن کے ہم منصب الطاہر Elbaour نے اپنی میٹنگ میں کاروبار، تجارت، بنیادی ڈھانچے اور توانائی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون میں اضافے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے سوڈان کے اپنے ہم منصب سلیم احمد ابراہیم کے ساتھ اپنی میٹنگ میں، سوڈان میں تشدد ختم کرنے اور مذاکرات دوبارہ شروع کرنے سے متعلق بھارت کے موقف کو دوہرایا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے فلسطین کے وزیر خارجہ Varsen Aghabekian Shahin سے بھی ملاقات کی اور غزہ امن منصوبے، نیز خطّے کی ترقیات کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔ اِس کے علاوہ ڈاکٹر جے شنکر اور کوموروس کے وزیر خارجہ Mbea Mohamed نے، دونوں ملکوں کے درمیان مزید اور تیزی سے سرگرمیوں کی اہمیت سے اتفاق کیا۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

Sitharaman Budget

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، کل 2026-27 کا مرکزی بجٹ پیش کرنے کے بعد، ملک کے مختلف علاقوں کے

تقریباً 30 کالج طلبا کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ اِس پہل کے حصے کے طور پر کالج طلبا، لوک سبھا گیلری سے، مرکزی بجٹ پیش کیے جانے کی کارروائی کا نظارہ کرسکیں گے۔

وزارتِ خزانہ نے ایک بیان میں کہا کہ اِس سے مختلف تعلیمی شعبوں سے وابستہ طلبا کو ایک موقع فراہم ہوگا کہ وہ سال کی سب سے زیادہ اہم پارلیمانی کارروائی کا نظارہ کرسکیں۔×

Nirmala Budget

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کل لوک سبھا میں 27-2026 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ لوک سبھا میں بجٹ پیش کرنے کے بعد اِس بجٹ کی ایک نقل، راجیہ سبھا میں پیش کی جائے گی۔ 2019 میں جب سے محترمہ سیتا رمن نے خزانے کی وزارت سنبھالی ہے، یہ اُن کا لگاتار نواں بجٹ ہے، جو وہ پیش کریں گی۔ نریندر مودی سرکار کی تیسری مدّت کے دوران بھی یہ تیسرا بجٹ ہے۔

بجٹ دستاویزات، موبائل ایپ پر دستیاب ہیں، جو پارلیمنٹ میں بجٹ سے متعلق خطاب مکمل ہونے کے بعد دستیاب رہیں گی۔ ×

PIB Fact Check Budget

حکومت نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے اُس پیغام کو مسترد کیا ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ مرکزی بجٹ 27-2026 کی Scan کی گئی ایک نقل، Messanger ایپ پر اِفشاء ہوگئی ہے۔

پریس انفورمیشن بیورو کے حقائق پر نظر رکھنے والے یونٹ نے بتایا ہے کہ یہ دعویٰ جھوٹا ہے۔ یونٹ نے یہ بھی کہا کہ جو تصویر گردش کر رہی ہے، اُس کا مرکزی بجٹ 27-2026 سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ البتہ اُس کا تعلق مرکزی بجٹ 2025 سے ہے، جسے ڈیجیٹل وسیلے سے ایڈٹ کیا گیا ہے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ دیگر تصویر پوری طرح ڈیجیٹل وسیلے سے تیار کی گئی ہے اور اِس کا کوئی تعلق، حکومت کے مرکزی بجٹ-دستاویز سے نہیں ہے۔

حکومت نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ محض مجاز وسیلوں پر انحصار کریں اور سوشل میڈیا پر غیر تصدیق شدہ مواد کو آگے بھیجنے سے گریز کریں۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

SC Menstrual Hygience

سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ ماہواری سے متعلق صفائی ستھرائی کا حق، آئین کی دفعہ 21 کے تحت، زندگی کے حق کا لازمی حصہ ہے۔

سپریم کورٹ نے کُل ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں، نیز اسکولوں کو بہت سی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ لڑکیوں اور خواتین کیلئے وقار، صحت اور برابری کو یقینی بنائیں۔

جسٹس جے-بی پاردیوالا اور آر مہادیون کی ایک بنچ نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر ایک اسکول، جواں سال لڑکیوں کو Biodegradable Sanitary Napkins مُفت فراہم کریں۔

عدالت نے چھٹی سے بارہویں جماعت تک کی اسکول جانے والی لڑکیوں کیلئے ماہواری سے متعلق صفائی ستھرائی کی، مرکز کی قومی پالیسی پر پورے بھارت میں عمل درآمد کی ہدایت دی ہے۔ عدالت اسکول کی لڑکیوں کیلئے مُفت Sanitary Pads اور صفائی ستھرائی سے متعلق وافر سہولتیں دستیاب کرائے جانے سے متعلق ایک درخواست کی سماعت کر رہی تھی۔ x

Amit Shah WB Visit

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل رات مغربی بنگال کی راجدھانی کولکتہ پہنچے، جہاں آج صبح وہ شمالی 24 پرگنہ ضلع کے تحت واقع مقام Barrackpore میں BJP کارکنوں کی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد وہ Bagdogra جائیں گے اور BJP کی ایک تنظیمی میٹنگ میں شرکت کریں گے اور شام میں وزیر موصوف بگ ڈوگرا ہوائی اڈے سے دلّی کیلئے روانہ ہو جائیں گے۔x

Maha NCP

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے سینئر لیڈر اور مہاراشٹر کے وزیر چھگن بھجبل نے کہا ہے کہ نئے لیڈر کے انتخاب کیلئے NCP لیجسلیچر پارٹی آج ممبئی میں میٹنگ کرے گی۔ وہ کل صحافیوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ بدھ کو ایک ہوائی حادثے میں NCP کے قومی صدر اور مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ جناب اجیت پوار کے جاں بحق ہونے کے بعد یہ عہدہ خالی ہوگیا ہے۔

پارٹی حلقے میں مضبوط قیاس آرائیوں کے تناظر میں اجیت پوار کی اہلیہ سُنیترا پوار کو نئے لیڈر کے طور پر منتخب کیے جانے کا قوی امکان ہے۔

اس دوران NCP کے سینئر لیڈروں نے اجیت پوار کی اچانک موت کے بعد پیدا ہوئی سیاسی صورتحال کے

بارے میں بات چیت کیلئے کل وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس سے ملاقات کی۔x

## 39th Surajkund Mela

39واں سورج کنڈ بین الاقوامی دستکاری میلہ آج سے فرید آباد میں شروع ہو رہا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن میلے کا افتتاح کریں گے۔ اس سال کے میلے کا موضوع ہے "Local To Global" جس کا مقصد مقامی سطح کے روایتی فن کے، فنکاروں کو بین الاقوامی سطح پر شناخت بنانے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ اس سال کے میلے کی موضوعاتی ریاستیں اترپردیش اور میگھالیہ ہیں جبکہ مصر ایک شراکت دار ملک کے طور پر شرکت کر رہا ہے۔x

## Rev. Jammu Saras Mela 2026

جموں و کشمیر دیہی روزگار مشن (JK RLM) کے تحت آج جموں کے کلا کیندر میں شاندار SARAS میلے کا آغاز ہو رہا ہے۔ میلہ 9 فروری تک جاری رہے گا۔ 10 روزہ میلے میں، کلا کیندر میں ملک کی دیہی تخلیقی صلاحیت کو پیش کیا جائے گا۔

قومی سطح کے اِس میلے میں پورے ملک سے دیہی خواتین انٹرا پرونیرس کو ایک ساتھ آنے کا موقع فراہم ہوگا، نیز میلے میں آنے والے لوگوں کو ایک ہی چھت کے نیچے بھارت کی گوناگوں ثقافت، دستکاری اور روایات سے روشناس ہونے کا منفرد موقع فراہم ہوگا۔x

## US Iran Negotiation

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اشارہ دیا ہے کہ ایران، ممکنہ امریکی فوجی کارروائی کو ٹالنے کے مقصد سے، مذاکرات کیلئے تیار ہو گیا ہے۔ وہائٹ ہاؤس میں کل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران، ایک سمجھوتہ کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران کیلئے بات چیت شروع کرنے کی غرض سے ایک مدّت مقرر کی گئی تھی۔ البتہ انہوں نے اِس مدّت کو واضح نہیں کیا۔

اِس سے پہلے دن میں ایران کے وزیر خارجہ عباس عراغچی نے، اپنے ملک کا موقف، یہ اشارہ دیتے ہوئے بیان کیا کہ اُن کا ملک، امریکہ کے ساتھ مذاکرات کیلئے تیار ہے، بشرطیکہ یہ مذاکرات منصفانہ طریقے سے کیے جائیں۔ انہوں نے ملک کی دفاعی صلاحیتوں سے کسی بھی طرح سمجھوتہ کرنے سے سختی سے انکار دیا۔

جناب عراغچی نے یہ بھی وضاحت کی کہ فی الحال ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے کہ امریکی حکام کے ساتھ ملاقات کی جائے۔x

UN Financial Collapse

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس نے کہا ہے کہ عالمی ادارہ، رُکن ملکوں کی طرف سے فیس ادا نہ کیے جانے کے سبب مالی بحران کا شکار ہوسکتی ہے۔ اقوام متحدہ کے سبھی رُکن ملکوں کو لکھے گئے ایک خط میں جناب گُتریس نے کہا کہ اقوام متحدہ میں اُس کے لگاتار کام کاج کیلئے درکار نقد رقم، جولائی تک ختم ہو سکتی ہے اور اس صورتحال سے اِس کے کام کاج میں رکاوٹ آسکتی ہے۔

یہ مالی بحران امریکہ کی طرف سے، سب سے زیادہ فیس ادا کرتا ہے، پچھلے سال کے لازمی بقایہ جات ادا کرنے میں ناکام رہنے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔

اقوام متحدہ کے ایک افسر کے مطابق فی الحال امریکہ کو، اقوام متحدہ کے مستقل بجٹ کیلئے 2 ارب 19 کروڑ ڈالر ادا کرنے ہیں۔ اُسے اس سال کیلئے 76 کروڑ 70 لاکھ ڈالر بھی ادا کرنے ہیں۔

جناب گُتریس نے کہا کہ 2025 میں ریکارڈ ایک ارب 56 کروڑ ڈالر کے بقایہ جات تھے، جو 2024 کے خاتمے پر بقایہ رقم کا دوگُنا سے زیادہ ہے۔

اقوام متحدہ کے سربراہ نے یہ بھی کہا کہ جب تک ادائیگیوں میں بڑے پیمانے پر تبدیلی نہیں آئے گی، اقوام متحدہ 2026 کے باضابطہ بجٹ میں 3 ارب 45 کروڑ ڈالر کی رقم نہیں جمع کر سکتی، جس کی منظوری اسمبلی کے 193 ارکان نے دسمبر میں متفقہ طور پر دی تھی۔ x

Cricket T20

مردوں کی T-20 بین الاقوامی کرکٹ سیریز کے فائنل میں آج شام تیرواننتھا پورم میں بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان میچ ہوگا۔ بھارتی وقت کے مطابق میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔

بدھ کو وشاکھا پٹنم میں کھیلے گئے چوتھے T-20 میں بھارت - نیو زیلینڈ سے 50 رن سے ہار گیا تھا۔ اِس کے باوجود 5 میچوں کی سیریز میں بھارت 1-3 سے سبقت حاصل ہے۔x

Cricket WPL

کرکٹ کے خواتین پریمئر لیگ میں، کل رات گجرات کے Vadodara میں کھیلے گئے میچ میں گجرات جائنٹس نے ممبئی انڈینس کو 11 رن سے ہرا دیا۔

ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات جائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ پر 167 رن

بنائے۔ البتہ ممبئی انڈینس جیت کیلئے مقررہ 168 رن کے نشانے کو حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ اس نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 156 رن بنائے۔ گجرات کی جورجیا کو میچ کی بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا

کل اسی مقام پر ڈیلی کیپٹلس کا مقابلہ یوپی واریئرز سے ہوگا۔ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

Pragati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت باریک نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کرکے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بناکر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں آج ہم ریلوے کی وزارت کے تحت اہم پروجیکٹوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

VC Bhanu Partap

بھارتیہ ریلویز ملک کے معاشی اور سماجی بنیادی ڈھانچے کا مضبوط ترین ستون ہے نیز آمدروفت اور مال برداری کے شعبے کیلئے بنیادی حیثیت کا حامل ہے۔ دنیا کے وسیع ترین ریلوے نظام کے لحاظ سے یہ قومی یکجہتی، لاجسٹک صلاحیت اور علاقائی کنکٹویٹی میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ اس وقت پروجیکٹ نگرانی گروپ پورٹل پر 12 لاکھ کروڑ روپے کی لاگت والے 387 ریل پروجیکٹوں پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔ ان میں سے 97 خصوصی اہمیت کے حامل پروجیکٹوں کا پرگتی اسکیم کے تحت وزیراعظم نریندر مودی جائزہ لے رہے ہیں۔ ان میں تیز رفتار ریل کوریڈورز مال برداری کیلئے وقف کوریڈورز، دشوار گزار علاقوں میں نئی لائن بچھانے کے پروجیکٹ اور ریلوے اسٹیشنوں کی ازسرِ نو تعمیر کے وسیع اقدامات شامل ہیں۔

پرگتی نظام نے ان پروجیکٹوں کی تیزی سے تکمیل میں نمایاں رول ادا کیا ہے۔

پرگتی طریقہ کار کے تحت ان پروجیکٹوں کی تیزی سے تکمیل کیلئے اراضی حاصل کرنے سے لے کر جنگلات کی صفائی، بین وزارتی اور مرکز ریاست معاملات پر تیزی سے کام کیا گیا ہے۔ جس کے سبب صنعتی ترقی، زرعی سپلائی

چین، سیاحت، دفاعی لاجسٹک کو فروغ حاصل ہوا اور روزہ مرہ کی آمدروفت میں آسانی پیدا ہوئی۔

بھانو پرتاپ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .........

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -شبانہ بیگم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخبارات بابائے قوم مہاتما گاندھی کی 78ویں برسی کے موقعے پر صدرِ جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم سمیت سرکردہ رہنماؤں کی طرف سے خراجِ عقیدت پیش کیے جانے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر داخلہ امت شاہ کے ذریعے آسام کے دھیماجی میں ایک ریلی سے خطاب کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔اِس موقعے پرانھوں نے کہا کہ آسام میں دراندازی کو صرف BJP ہی روک سکتی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی موت کے بعد اُن کی بیوی سُونیترا پوار کو نائب وزیراعلیٰ بنائے جانے سے متعلق خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اُن کی حلف برداری آج ہوگی اور اس طرح وہ مہاراشٹر کی پہلی خاتون نائب وزیراعلیٰ بن جائیں گی۔

ثقافت کی وزارت کی جھانکی نے یومِ جمہوریہ 2026 کی پریڈ میں پہلا انعام جیتا۔ اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اجاگرکیا ہے۔ اِس کی شاندار ثقافتی پیشکش وندے ماترم : ''بھارت کی لافانی گونج'' کو اُس کی غیرمعمولی فنکارانہ اور موضوعاتی مہارت کیلئے خصوصی انعام سے بھی نوازا گیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے غزہ - رفح سرحدکو دو سال بعد کل سے کھولے جانے سے متعلق خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ غزہ اور مصر کو ملانے والی رفح سرحدی گزرگاہ سے صرف محدود تعداد میں افراد کو گزرنے کی اجازت ہوگی۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی اور وینیزویلا کی کارگزار صدر Delcy Rodriguez نے، توانائی سمیت سبھی شعبوں میں، دوطرفہ تعلقات میں گہرائی لانے سے اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے فون پر بات چیت کی۔

2- بھارت آج، بنیادی شعبوں میں تعاون میں اضافہ کرنے کیلئے، بھارت-عرب وزراء خارجہ کی میٹنگ کی میزبانی

کرے گا۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے قومی راجدھانی میں بہت سے عرب ملکوں کے وزراء خارجہ سے میٹنگس کی ہیں۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات اور مغربی ایشیاء کی صورتحال پر بات چیت کی۔

4- سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ ماہواری سے متعلق صحت کی دیکھ بھال، آئین کے تحت ایک بنیادی حق ہے۔ عدالت نے ریاستوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکول، لڑکیوں کو Biodegradable Sanitary Pads مُفت فراہم کریں۔

5- نیشنلسٹ کانگریس پارٹی اپنے نئے رہنماء کے انتخاب کیلئے ممبئی میں، قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کا انعقاد کرے گی۔

6- اور کرکٹ میں، بھارت آج شام تروانت پورم میں پانچویں اور آخری ٹی-ٹوئنٹی میچ میں نیو زیلینڈ کے ساتھ کھیلے گا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-------------------------------------